روزنامہ
(ٹیلی فون نمبر 047-6213029) FD-10

الفضل

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان
web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

ہفتہ 14 نومبر 2009ء 25 ذیقعد 1430 ہجری 14 نبوت 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 258

گھر میں نماز گاہ

حضرت عتبان بن مالکؓ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گئے اور کہا کہ میری بینائی کمزور ہے میں اپنی قوم کو نماز پڑھاتا ہوں جب بارش ہوتی ہے تو میرے اور میری قوم کے درمیان وادی پانی سے بھر جاتی ہے اور میں مسجد تک نہیں جا سکتا۔ میں چاہتا ہوں کہ آپ ہمارے گھر تشریف لائیں اور وہاں نماز پڑھائیں جسے ہم نماز گاہ بنالیں۔ چنانچہ رسول اللہ ﷺ ایک دن سورج بلند ہونے کے بعد تشریف لائے اور دو رکعات باجماعت نماز پڑھائی۔

(صحیح بخاری کتاب الصلوٰۃ باب المساجد فی البیوت حدیث نمبر:407)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

خدا تعالیٰ اپنی طرف آنے والے کی سعی اور کوشش کو ضائع نہیں کرتا۔ یہ ممکن ہے کہ زمیندار اپنا کھیت ضائع کرلے۔ نوکر موقوف ہو کر نقصان پہنچا دے۔ امتحان دینے والا کامیاب نہ ہو، مگر خدا کی طرف سعی کرنے والا کبھی ناکام نہیں رہتا۔ اس کا سچا وعدہ ہے کہ (۔) (العنکبوت :70) خدا تعالیٰ کی راہوں کی تلاش میں جو جویا ہوا، وہ آخر منزل مقصود پر پہنچا۔ دنیوی امتحانوں کے لئے تیاریاں کرنے والے، راتوں کو دن بنا دینے والے طالب علموں کی محنت اور حالت کو ہم دیکھ کر رحم کھا سکتے ہیں، تو کیا اللہ تعالیٰ جس کا رحم اور فضل بے حد اور بے انت ہے۔ اپنی طرف آنے والے کو ضائع کر دے گا؟ ہر گز نہیں۔ ہر گز نہیں۔ اللہ تعالیٰ کسی کی محنت کو ضائع نہیں کرتا۔ (۔) (التوبہ :120) اور پھر فرماتا ہے (۔) (الزلزال :8) ہم دیکھتے ہیں کہ ہر سال ہزارہا طالب علم سالہا سال کی محنتوں اور مشقتوں پر پانی پھرتا ہوا دیکھ کر روتے رہ جاتے ہیں اور خودکشیاں کر لیتے ہیں۔ مگر اللہ تعالیٰ کا فضل عمیم ایسا ہے کہ وہ ذرا سے عمل کو بھی ضائع نہیں کرتا۔ پھر کس قدر افسوس کا مقام ہے کہ انسان دنیا میں ظنی اور وہمی باتوں کی طرف تو اس قدر گرویدہ ہو کر محنت کرتا ہے کہ آرام اپنے اوپر گویا حرام کر لیتا ہے اور صرف خشک امید پر کہ شاید کامیاب ہو جاویں، ہزارہا رنج اور دکھ اٹھاتا ہے۔ تاجر نفع کی امید پر لاکھوں روپے لگا دیتا ہے، مگر یقین اسے بھی نہیں ہوتا کہ ضرور نفع ہی ہوگا، مگر خدا تعالیٰ کی طرف جانے والے کی (جس کے وعدے یقینی اور حتمی ہیں کہ جس کی طرف قدم اٹھانے والے کی ذرا بھی محنت رائیگاں نہیں جاتی) میں اس قدر دوڑ دھوپ اور سرگرمی نہیں پاتا ہوں۔ یہ لوگ کیوں نہیں سمجھتے؟ وہ کیوں نہیں ڈرتے کہ آخر ایک دن مرنا ہے۔ کیا وہ ان ناکامیوں کو دیکھ کر بھی اس تجارت کے فکر میں نہیں لگ سکتے۔ جہاں خسارہ کا نام و نشان ہی نہیں اور نفع یقینی ہے۔ زمیندار کس قدر محنت سے کاشتکاری کرتا ہے، مگر کون کہہ سکتا ہے کہ نتیجہ ضرور راحت ہی ہوگا۔

اللہ تعالیٰ کیسا رحیم ہے اور یہ کیسا خزانہ ہے کہ کوڑی بھی جمع ہو سکتی ہے۔ روپیہ اشرفی بھی۔ نہ چور چکار کا اندیشہ نہ یہ خطرہ کہ دیوالہ نکل جاوے گا۔ حدیث میں آیا ہے کہ اگر کوئی ایک کانٹا راستہ سے ہٹا دے، تو اس کا بھی ثواب اس کو دیا جاتا ہے۔

اور پانی نکالتا ہوا اگر ایک ڈول اپنے بھائی کے گھڑے میں ڈال دے، تو خدا تعالیٰ اس کا بھی اجر ضائع نہیں کرتا۔ پس یاد رکھو کہ وہ راہ جہاں انسان کبھی ناکام نہیں ہو سکتا۔ وہ خدا کی راہ ہے۔ دنیا کی شاہراہ ایسی ہے جہاں قدم قدم پر ٹھوکریں اور ناکامیوں کی چٹانیں ہیں۔ وہ لوگ جنہوں نے سلطنتوں تک کو چھوڑ دیا، آخر بیوقوف تو نہ تھے۔ جیسے ابراہیم ادہم، شاہ شجاع، شاہ عبدالعزیز جو مجدد بھی کہلاتے ہیں۔ حکومت، سلطنت اور شوکت دنیا کو چھوڑ بیٹھے۔ اس کی یہی وجہ تو تھی کہ ہر قدم پر ایک ٹھوکر موجود ہے۔ خدا ایک موتی ہے اس کی معرفت کے بعد انسان دنیاوی اشیاء کو ایسی حقارت اور ذلت سے دیکھتا ہے کہ ان کے دیکھنے کے لئے بھی اسے طبیعت پر ایک جبر اور اکراہ کرنا پڑتا ہے۔ پس خدا تعالیٰ کی معرفت چاہو اور اس کی طرف ہی قدم اٹھاؤ کہ کامیابی اسی میں ہے۔

(ملفوظات جلد اول ص 91)

حقیقۃ الوحی کی اہمیت

شوریٰ 2009ء کا فیصلہ ہے کہ حقیقۃ الوحی کو ساری جماعت بشمول ذیلی تنظیموں کے لئے بطور نصاب مقرر کر دیا جائے اور ہر سہ ماہی میں اس کتاب کے ایک حصہ کا امتحان بھی لیا جائے۔ امید ہے کہ احباب جماعت سکیم کے مطابق حقیقۃ الوحی کے روزانہ 7 صفحات کا مطالعہ تسلسل کے ساتھ جاری رکھے ہوئے ہوں گے۔ مکمل کتاب کا پرچہ جنوری 2010ء میں ہوگا۔ اس کے لئے بھرپور تیاری جاری رکھیں۔

حقیقۃ الوحی کی اہمیت کے حوالہ سے حضرت مسیح موعود نے ایک موقع پر فرمایا ہے کہ

"ہم نے ایک سو ستاسی نشانات کتاب حقیقۃ الوحی میں نہایت ہی اختصار کے ساتھ درج کئے ہیں"۔

(ملفوظات جلد 5 صفحہ 352)

"ایک تازہ کتاب حقیقۃ الوحی میں نے لکھی ہے۔ اس کا مطالعہ کر کے دیکھ لیا جاوے کہ کس قدر نشان خدا تعالیٰ نے میری تائید کے واسطے ظاہر فرمائے۔"

(ملفوظات جلد 5 صفحہ 554)

مرسلہ: ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ بسلسلہ تعمیل فیصلہ جات شوریٰ 2009ء

ضرورت انسپکٹران

نظارت مال آمد صدر انجمن احمدیہ میں انسپکٹران مال کی آسامیوں کیلئے درخواستیں مطلوب ہیں۔ ایسے احباب جو مخلص اور محنتی ہوں اور خدمت سلسلہ کا جذبہ رکھتے ہوں اپنی درخواستیں تعلیمی اسناد اور شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی کے ہمراہ مورخہ 30 نومبر 2009ء تک امیر/صدر کی سفارش کے ساتھ ناظر مال آمد کو بھجوا دیں۔ امیدوار کا ایف۔اے، ایف ایس سی میں کم از کم سیکنڈ ڈویژن ہونا ضروری ہے۔

ناظر مال آمد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ

مقابلہ مقالہ نویسی 10-09ء بعنوان ''سیرت حضرت عائشہ صدیقہؓ''

برائے مجلس ناصرات الاحمدیہ پاکستان

(زیر اہتمام قیادت تعلیم مجلس انصار اللہ پاکستان ربوہ)

قواعد

☆عنوان مقالہ ''سیرت حضرت عائشہ صدیقہؓ''

☆مقالہ کے الفاظ 25ہزار سے کم نہ ہوں اور 40ہزار سے زائد نہ ہوں۔الفاظ کی پابندی ضروری ہے۔بصورت دیگر مقالہ مقابلہ میں شامل نہ ہوگا۔

☆مقالہ نگار اپنے الفاظ کی تعداد کو مقالہ کے شروع میں نمایاں طور پر تحریر کریں۔

☆جن کتب کا حوالہ دیا جائے اُن کے مصنفین، کتاب کا نام، شائع کرنے والے ادارے کا نام، ایڈیشن، سن اشاعت، جلد اور صفحہ نمبر کا ذکر ضرور کیا جائے۔حوالہ جات کو درست اور نمایاں طور پر تحریر کیا جائے۔

☆کاغذ کے ایک طرف صاف اور خوشخط تحریر کریں۔دائیں طرف حاشیہ چھوڑ کر لکھیں۔

☆مقالہ جمع کرانے کی آخری تاریخ 30ستمبر 2010ء ہے۔مقررہ تاریخ کے بعد موصول ہونے والے مقالہ جات مقابلہ میں شریک نہ کئے جائیں گے۔

☆اس مقابلہ میں مجلس ناصرات الاحمدیہ پاکستان شریک ہوں گی۔

☆مقالہ نگار پہلے صفحہ پر مقالے کا عنوان، اپنا مکمل نام بمعہ ولدیت ،مکمل پوسٹل ایڈریس بمعہ فون نمبرز، اپنی تنظیم اور مجلس کا نام نمایاں طور سے صاف اور خوشخط تحریر کریں۔

☆مجلس ناصرات الاحمدیہ اپنے مقالہ جات لجنہ اماءاللہ پاکستان کی وساطت سے ارسال کریں۔

☆مقالہ لکھنے والے اراکین کی راہنمائی کے لئے ذیلی عناوین اور امدادی کتب کی فہرست دی جا رہی ہے۔تاہم مقالہ نویس ان کتب کے علاوہ مزید کتب سے بھی استفادہ کر سکتے ہیں۔مقالہ تحریر کرتے وقت قیادت تعلیم کی طرف سے دیئے گئے ذیلی عناوین کی پابندی لازمی ہے۔

☆مقالہ نویس مقالہ مرکز میں جمع کروانے سے قبل ایک کاپی اپنے پاس رکھ لیں۔مرکز میں جمع شدہ مقالہ واپس نہیں دیا جائے گا۔

☆مقالہ نویس اراکین کے لئے تمام قواعد کی پابندی لازمی ہے۔

انعامات

اوّل: ماڈل مینارۃ المسیح +کتب+سند امتیاز + 15ہزار روپے نقد انعام

دوم: ماڈل مینارۃ المسیح + کتب+سند امتیاز + 10ہزار روپے نقد انعام

سوم: ماڈل ستارہ احمدیت+ کتب+سند امتیاز + 5ہزار روپے نقد انعام

ان تین انعامات کے علاوہ دس انعامات حُسن کارکردگی کی بناء پر اگلی دس پوزیشنز حاصل کرنے والوں کو انعامی کتب اور سند امتیاز کی صورت میں دیئے جائیں گے۔ مقابلہ میں شرکت کرنے والی تمام ناصرات کو سند شرکت بھی دی جائے۔

ذیلی عناوین

1-خاندانی پس منظر

2-بچپن

3-شادی

4-تعلیم وتربیت

5-ازدواجی زندگی

6-واقعہ ایلاء

7-آنحضرتؐ کے وصال کے بعد کی زندگی

8-آپ کی سخاوت وزُہد

9-قرآن کریم سے محبت اور ذوق عبادت

10-آپ سے مروی احادیث کا مختصر ذکر

11-علمی وسعت وذوق

12-خواتین پر حضرت عائشہ صدیقہؓ کے احسانات

13- سیرت حضرت عائشہ صدیقہؓ کے مختلف پہلو۔

امدادی کتب

قرآن کریم

1-کتب احادیث۔حدیقۃ الصالحین۔ ریاض الصالحین

2-ملفوظات جلد دوم حضرت مسیح موعود

3-تفسیر کبیر (سورۃ النور) حضرت مصلح موعود

4-سیرت خاتم النبیین۔حضرت مرزا بشیر احمد صاحب

5-اسوہ انسان کامل از مکرم حافظ مظفر احمد صاحب

6-سیرت حضرت عائشہ صدیقہؓ شائع کردہ لجنہ اماءاللہ پاکستان

7-سیرت حضرت عائشہ صدیقہؓ از مکرمہ رضیہ درد صاحبہ شائع کردہ لجنہ اماءاللہ مرکزیہ

8-دس بڑے مسلمان از مکرم محمد اسمٰعیل صاحب پانی پتی

9-سیرت سیّد الانبیاءؐ مرتبہ شیخ عبدالقادر صاحب (سابق سوداگرمل)

10-تخلیق الاوّل از حفیظۃ الرحمٰن صاحبہ بیگم میر مبارک احمد صاحب تالپور

رسائل

ماہنامہ ''مصباح'' (یکم مارچ 1937ء) (15فروری 1934ء)(جولائی 1976ء)

اخبارات

روزنامہ الفضل (18 جولائی 1931ء) (23نومبر 1951ء)

(ڈاکٹر عبدالخالق خالد قائد تعلیم مجلس انصاراللہ پاکستان)

ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے پروگرام

15 نومبر 2009ء

1-30 am	ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
2-00 am	جلسہ سالانہ جرمنی
3-00 am	راہ ھدیٰ
4-30 am	خطبہ جمعہ فرمودہ 13نومبر 2009ء
5-35 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
5-55 am	یسرنا القرآن
6-20 am	تلاوت
6-30 am	لقاء مع العرب
7-30 am	رفقائے احمد
8-15 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
8-30 am	خطبہ جمعہ 13نومبر 2009ء
9-30 am	فیتھ میٹرز
10-30 am	سفید بادلوں کی سرزمین
12-00 pm	تلاوت، درس حدیث
12-35 pm	چلڈرن کلاس
1-45 pm	فیتھ میٹرز
2-50 pm	قرآن پاک کا تعارف
3-05 pm	عربی سیکھئے
3-25 pm	دورہ حضور انور
4-00 pm	انڈونیشین سروس
5-00 pm	سپینش سروس
6-00 pm	تلاوت، درس حدیث
6-50 pm	یسرنا القرآن
7-10 pm	بنگلہ سروس
8-05 pm	خطبہ جمعہ فرمودہ 13نومبر 2009ء
9-10 pm	چلڈرن کلاس
10-20 pm	فیتھ میٹرز
11-35 pm	یسرنا القرآن

16 نومبر 2009ء

12-00 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
12-30 am	عربی سروس
2-45 am	چلڈرن کلاس
3-50 am	خطبہ جمعہ فرمودہ 13نومبر 2009ء
4-55 am	سیرت النبی ﷺ
6-00 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
6-15 am	تلاوت
6-30 am	یسرنا القرآن
6-50 am	ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
7-20 am	لقاء مع العرب
8-25 am	خطبہ جمعہ فرمودہ 6نومبر 2009ء
9-30 am	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
9-50 am	قرآن کریم کا تعارف
10-05 am	سوال وجواب
11-15 am	سیرت النبی ﷺ
12-00 pm	تلاوت، درس حدیث
12-25 pm	ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
1-00 pm	طلباء جامعہ کے ساتھ ایک نشست
2-00 pm	فرنچ پروگرام
2-30 pm	فرنچ ملاقات
3-30 pm	انڈونیشین سروس
4-35 pm	جلسہ سالانہ قادیان
5-50 pm	تلاوت، درس حدیث، ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
6-00 pm	بنگلہ پروگرام
7-15 pm	خطبہ جمعہ فرمودہ 13نومبر 2009ء
8-00 pm	جلسہ سالانہ سکینڈے نیویا 2005ء
9-00 pm	طلباء جامعہ احمدیہ کے ساتھ ایک نشست
10-00 pm	فرنچ ملاقات
11-05 pm	ایم۔ٹی۔اے عالمی خبریں
11-30 pm	عربی سروس

دورہ نمائندہ مینیجر روزنامہ الفضل

مکرم نعیم احمد صاحب اٹھوال نمائندہ مینیجر روزنامہ الفضل آجکل توسیع اشاعت الفضل، وصولی واجبات اور اشتہارات کے حصول کیلئے ضلع گجرات کے دورہ پر ہیں۔ احباب جماعت و اراکین عاملہ، مربیان کرام، صدران جماعت سے بھرپور تعاون کی درخواست ہے۔ ﴿مینیجر روزنامہ الفضل﴾

﴿پبلشر و پرنٹر﴾طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ ﴿مطبع﴾ضیاء الاسلام پریس ﴿مقام اشاعت﴾دارالنصر غربی چناب نگر﴿ربوہ﴾ قیمت 5 روپے

مکرم مجیب الرحمٰن صاحب

یہ شمعیں گل ہو کے بھی فروزاں یہ پھول کملا کے بھی کھلے ہیں

کچھ ذکر خیر حمید المحامد صاحب کا

برادرم مکرم حمید المحامد صاحب 18/ اکتوبر 2009ء کو وفات پا گئے۔

ان کی وفات کی خبر سن کر پہلا احساس یہ ہوا کہ:

موت اپنی صفوں میں در آئی

پھر دوسرا خیال جو آیا وہ، ''آہ محامد بھائی'' نہیں تھا۔ ''واہ محامد بھائی'' تھا۔ مرحوم مجھ سے دو تین سال ہی بڑے تھے اور یوں مرحوم کا بچپن جوانی اور بڑھاپا میری نظروں کے سامنے ہے۔ کارزار حیات سے جس طرح سے گزرے اور موت جس وقت اور جس طرح سے آئی وہ ہر لحاظ سے قابل رشک ہے۔ کچھ اسی کا ذکر خیر مقصود ہے۔

دل کے مریض ایک عرصہ سے تھے، مگر کوئی شدید تکلیف نہیں اٹھائی۔ انجائنا کی وجہ سے زندگی کی رفتار ذرا دھیمی ہو گئی تھی مگر تیز دوڑنے والے وہ کبھی بھی نہ تھے۔ زندگی ایک رفتار سے جارہی تھی صبح نو دس بجے کے قریب دل کا دورہ پڑا مگر دم واپسیں بھی کسی درد یا تکلیف کا اظہار نہیں کیا صرف بے چینی کا اظہار کیا۔ ہسپتال پہنچنے کے بعد ایک گھنٹے کے اندر وفات ہوگئی اور عزیزوں کو عیادت کے لئے ہسپتال پہنچنے کی مہلت بھی نہ ملی۔

موت حامدؔ یوں گلے اٹھ کر ملی
جیسے ہم سے تھی شناسائی بہت

فرائض سب پورے کر لئے تھے بچیاں بیاہ دی تھیں، بیٹے برسر روزگار ہیں، خود ریٹائرمنٹ کے بعد ایک نہایت آسودہ اور مطمئن زندگی گزار رہے تھے اور ہر لمحہ گویا اپنی وفات کے لئے تیار تھے۔ اپنی ایک مناجات میں تمنا کا اظہار یوں کیا تھا۔

پردہ سرکاؤں ذرا صبح کا چہرہ دیکھوں
اے خدا تیری عنایات کا جلوہ دیکھوں
تجھ کو پاؤں میں سدا دل کے نہاں خانے میں
خود سے باہر بھی سدا تجھ کو ہی برپا دیکھوں
ہر گھڑی مجھ پہ قیامت کی گھڑی ہے حامدؔ
داور حشر میں بخشش کا اشارہ دیکھوں

اللہ تعالیٰ مرحوم کی بخشش فرماوے اور ان پر اپنی رحمت کا سایہ فرماوے اور ان کے درجات بلند فرمائے (آمین)

بوقت وفات آپ جماعت احمدیہ اسلام آباد میں بطور قاضی خدمات سرانجام دے رہے تھے۔ یہ گویا ان کے تقویٰ اور معاملہ فہمی پر احباب جماعت کے اعتماد کی سند تھی۔ افراد کے مابین تنازعات میں فریقین کے متضاد دعووں پر منصفانہ فیصلہ بالغ نظری، باریک بینی، انتہائی دیانت اور تقویٰ کے متقاضی ہوتے ہیں۔ آپ یہ کام نہایت خوش اسلوبی سے سرانجام دے رہے تھے۔ اللہ تعالیٰ ان کی یہ خدمت قبول فرمائے۔ اس سے پہلے بھی جماعتی خدمات بجالانے کا موقع ملا۔ اسلام آباد کی جماعت کے جنرل سیکرٹری بھی رہے اور اس کام میں اپنی خداداد اور طبعی صلاحیتوں سے خدمت کی۔ طبیعت میں ایک نظم و ضبط، سلیقہ اور نفاست کوٹ کوٹ کر بھرے ہوئے تھے۔ معاملات کو بر وقت ترتیب کے ساتھ سرانجام دینے اور ریکارڈ مرتب کرنے کی بھرپور صلاحیت تھی۔ ایک وقت میں سیکرٹری تعلیم القرآن بھی تھے۔ یہ کام بھی بہت محنت اور لگن کے ساتھ انجام دیا اس کے لئے نت نئی ترکیبیں سوچتے رہتے تھے۔ اپنی مساعی کا ذکر اس عاجز سے کرتے تھے اور جہاں کہیں بھی کوئی کمزوری نظر آتی تھی اس پر دل ہی دل میں بہت تکلیف محسوس کرتے تھے۔ خدمت قرآن کا ایک جذبہ تھا اور لگن تھی اور یہ جذبہ انہوں نے ورثہ میں پایا تھا۔

ہمارے دادا قاری نعیم الدین بنگال کے ایک دور افتادہ علاقہ میں پیدا ہوئے۔ نہایت خوش الحان قاری اور باا ثر واعظ کی حیثیت سے اپنے علاقہ میں دور تک شہرت پائی۔ دلسوز اور دلگداز وعظ کے لئے مشہور تھے۔ قرآن سے ایک دلی لگاؤ اور محبت ان کی اولاد در اولاد میں منتقل ہوا اور حمید المحامد صاحب نے بھی اس سے وافر حصہ پایا تھا۔ اپنی اولاد کو صحت کے ساتھ قرآن پڑھانے اور سکھانے کی طرف بھی توجہ رہتی تھی۔

مرحوم نے پسماندگان میں ایک بیوہ، دو بیٹے اور دو بیٹیاں چھوڑی ہیں ان کی بیگم حضرت صوفی احمد جان صاحب کے خاندان سے تعلق رکھتی ہیں۔ بچوں کی دینی تربیت میں دونوں کا عمل دخل تھا۔ دونوں بیٹے اور مرحوم کی بیوہ اپنے اپنے رنگ میں جماعتی خدمات میں لگے رہتے ہیں اللہ تعالیٰ مرحوم کے درجات بلند فرماوے اور پسماندگان کو ان کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق دے اور صبر جمیل عطا فرمائے اور ہم سب کا انجام بخیر کرے۔ (آمین)

مرحوم میرے چچا زاد بھائی تھے۔ میرے والد مولانا ظل الرحمٰن صاحب اور چچا صوفی مطیع الرحمٰن صاحب تو زمانہ طالب علمی میں ہی احمدی ہو گئے تھے اور قادیان آ گئے تھے۔ تربیت پانے کے بعد میرے والد تو بنگال میں مربی مقرر کئے گئے اور صوفی مطیع الرحمٰن صاحب (مربی) ہو کر امریکہ چلے گئے۔ 1934ء میں تحریک جدید کے مطالبہ کے مطابق ہمارے والد نے ہمیں قادیان لا کر آباد کر دیا۔ حمید المحامد صاحب کے والد جو میرے تایا تھے، وہ بھی احمدی تو جلد ہی ہو گئے تھے، مگر سرکاری ملازمت میں تھے۔ ریٹائرمنٹ کے بعد 1940ء میں وہ بھی قادیان آ گئے تھے اور وہیں کے ہو رہے۔ ابتداءً محلّہ دارالانوار میں رہائش اختیار کی اور یوں مکرم حمید المحامد صاحب اور سب بھائیوں کو قادیان کا پاکیزہ ماحول اور دارالمسیح کا قرب حاصل ہوا جن کا ان کی تربیت اور شخصیت پر گہرا اثر تھا۔ حضرت مسیح موعود کے قدیم رفقاء حضرت مولانا سید سرور شاہ صاحب۔ حضرت مفتی محمد صادق صاحب حضرت مولوی شیر علی صاحب، حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب حضرت میر محمد اسماعیل صاحب، حضرت میر محمد اسحاق صاحب، حضرت زین العابدین ولی اللہ شاہ صاحب جیسے بزرگوں کو صبح شام بہت قریب سے دیکھا۔ حضرت مولوی شیر علی صاحب تفسیر القرآن کے کام کے سلسلہ میں دارالانوار میں ہی وقت گزارتے تھے۔ بیت محلّہ دارالانوار میں انہیں نوافل اور نمازیں ادا کرتے ہوئے دیکھا تھا اور ان کے انہماک اور خشوع و خضوع کا دل پر زندگی بھر کے لئے گہرا اثر تھا۔ اکثر حضرت مولوی شیر علی صاحب کی نمازوں کی کیفیت بیان کیا کرتے تھے۔ اور خود بھی نیم سرگوشی کے عالم میں نماز پڑھنا پسند کرتے تھے کہ دل کے ساتھ ساتھ زبان اور اپنے کان سب ہی اس عبادت میں شامل ہوں۔ تقسیم ملک تک تعلیم الاسلام ہائی سکول میں تعلیم پائی۔ سلسلہ کے موجود بزرگوں میں مکرم و محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ اور مکرم سید عبدالحئی صاحب ناظر اشاعت، مرحوم کے ہم مکتب اور ہم جماعت تھے۔ اپنے گھر میں اور بچوں میں قادیان کا ماحول بڑی حد تک قائم رکھا ہوا تھا۔

بشری اور شخصی کمزوریاں کس میں نہیں ہوتیں مگر اخلاق و کردار میں کسی کمزوری کا شکار کبھی نہیں ہوئے اور اخلاق و کردار کو ہر طرح کی آلائشوں سے پاک رکھا۔ ڈرتے ڈرتے زندگی گزاری۔ لوگ ایسے لوگوں کو بزدل یا کم ہمت کہتے ہوں گے۔ مگر اہل نظر اسی کو تقویٰ شعاری جانتے ہیں۔ اپنی اس کیفیت کو مرحوم نے اپنے ایک شعر میں یوں بیان کیا۔

بزدلی میری مری راہ کی راہبر ٹھہری
ورنہ امکان بہت تھے میری گمراہی کے

اور اسی غزل کا مقطع یوں ہے

زندگی عشق کے شعلوں میں گزاری حامدؔ
ہاتھ آئے نہ کبھی عقل کی بد خواہی کے

مرحوم سچے سیدھے اور صاف احمدی تھے۔ احمدیت کے رنگ میں رنگے ہوئے تھے۔ خلافت سے عقیدت اور پیار کے ساتھ اور دلی جذبہ کے ساتھ اطاعت خلافت کے عادی تھے۔ وفات کے بعد ان کی ایک نامکمل ڈائری پر نظر ڈالی تو ایک عہد ان کے اپنے ہاتھ سے لکھا ہوا پایا، جس میں مریم شادی فنڈ اور دیگر مدات میں معین رقم مستقل طور پر ادا کرنے کا عہد کر رکھا تھا اور ساتھ ہی یہ عہد درج تھا کہ ہر نئی تحریک جو خلیفۂ وقت کی طرف سے ہو گی اس میں اس قدر رقم ادا کیا کروں گا۔

افتاد طبع ایسی تھی کہ حلقۂ احباب کبھی بہت وسیع نہیں ہوا اور خود اس بات کا احساس بھی تھا۔ ان کے مطبوعہ انشائیوں میں سے ایک انشائیہ ''شکوہ دوستوں کے نہ ہونے کا'' کے عنوان سے ہے۔ خاموش طبع اور بے ریا انسان تھے ذاتی نمود و نمائش یا آگے بڑھ کر خود نمائی کو پسند نہیں کرتے تھے۔ جو کام سپرد کیا جاتا یا تسکین قلب و نظر کی خاطر خود اپنے شوق سے اپنے ذمہ لیتے اسے بھی سنوار کر کرنے کے عادی تھے۔ خط اور تحریر ایسی تھی کہ ایک ایک لفظ سلیقہ سے موتی کی طرح پرویا ہوا نظر آتا تھا اور تحریر کتنی ہی طویل ہو، پہلے فقرہ سے لے کر آخری فقرہ تک ایک جیسا حسن قائم رہتا تھا۔ یہی انداز زندگی بسر کرنے کا تھا۔ جو حسن ترتیب تحریر میں وہی ٹھہراؤ زندگی میں بھی تھا۔ مرنجاں مرنج آدمی تھے مگر فضول خوش گپیوں میں وقت گزارتے میں نے انہیں نہیں دیکھا۔ لٹریچر میں ایم اے کر رکھا تھا اور حامد برگی کے نام سے انشائیے لکھے۔ انگریزی ادب کی تاریخ اور اس کی باریکیوں اور تنقید کے اصولوں اور نظریات سے پوری واقفیت رکھتے تھے۔ نہایت ستھرا اور پاکیزہ ادبی ذوق رکھتے تھے اور خود بھی ایک معروف انشائیہ نگار تھے۔ انشائیوں کے دو مجموعے با انداز دگر اور ہمہ جہت کے نام سے شائع ہو چکے ہیں۔ اردو ادب میں انشائیہ نگاری کے فن پر ان کی بعض تحریروں نے سند کا درجہ حاصل کیا اور برصغیر ہند میں جگن ناتھ آزاد کے پایہ کے لوگوں نے یونیورسٹی میں اپنے طلباء کو ان کی تحریرات پڑھنے کا مشورہ دیا۔ ان کے انشائیے پاکستان اور ہندوستان کے مستند ادبی رسالوں میں شائع ہوتے رہے اور ڈاکٹر وزیر آغا نے ان کو اردو کے سینئر انشائیہ نگاروں میں شمار کیا ہے اور پروفیسر غلام جیلانی اصغر نے لکھا کہ ''میں جب حامد برگی کا کوئی انشائیہ پڑھتا ہوں تو مجھے خوشگوار موسم اور کھلی فضا کا احساس ہوتا ہے۔'' محمد اسلام تبسم نے ان کے انشائیوں کے بارہ میں لکھا کہ ''ان میں اسلوب کی تازہ کاری ہے اور موضوع کے چھپے ہوئے پہلوؤں کو سامنے لا کر قاری کو حیران کر دیتے ہیں''۔ ڈاکٹر انور سدید کہتے ہیں۔ ''وہ متوازن دماغ سے موضوع کے بند سیپ کو کھولتے ہیں اور بڑی محبت آمیز مسکراہٹ سے قاری کی ہتھیلی پر ایک چمکتا ہوا موتی رکھ دیتے ہیں''۔

شعر بھی کہتے تھے اور حامد تخلص کرتے تھے۔ اپنے شعری مجموعہ کے پیش لفظ میں لکھا، ''شاعر کہلانا مجھے کبھی مرغوب نہ تھا لیکن میں شاعر تھا بچپن سے ہی۔'' ان کا کہنا تھا کہ ''70 کی دہائی میں قومی سانحات و حادثات سے ہی دل و دماغ نے شدید اثر قبول کیا۔'' مختلف موضوعات پر لکھا۔ 71ء کے جنگی اسیران کی رہائی پر بھی گیت لکھے۔ جماعتی موضوعات پر بھی لکھا۔ 74ء کے پرآشوب دور پر بھی نظمیں کہیں۔ برادرم مرحوم کو اس عاجز کی سخن فہمی پر حسن ظن تھا اور اپنا کلام اس عاجز کو سناتے رہتے تھے۔ نظم اور آزاد نظم میں ان کی بعض نظمیں یقیناً ادبیات عالیہ میں مقام پانے کی اہل ہیں۔ بہت ابتدائی زمانہ کی ایک نظم جو ''لمحہ'' کے عنوان

سے لکھی گئی تھی، وہ خاکسار کے نزدیک ایک خاص چیز تھی اور شاعر کی ذہنی اٹھان کی نشاندہی کرتی تھی۔ وہ نظم ان کے مجموعہ میں ''لازماں'' کے عنوان سے موجود ہے۔ ربوہ کے بارہ میں دیار دل کے نام سے بہت اونچے معیار کی ایک طویل نظم لکھی۔

ڈائری لکھنے کی عادت تھی، جو غالباً تاریخ وار تو نہیں تھی، مگر بڑی باقاعدگی سے لکھتے تھے۔ ڈائری میں اپنے گردوپیش، اور اپنے ماحول اور اپنے جذبات کو الفاظ میں منتقل کرتے تھے۔ وہ ڈائری بذات خود ایک ادبی شاہ پارے کی حیثیت رکھتی ہے۔ گاہے گاہے اس ڈائری کے بعض حصے اس عاجز کو بھی پڑھ کر سنائے۔ اس ڈائری کو تسبیح روز وشب کا نام دے رکھا تھا اور سرنامہ پر یہ شعر درج تھا ؎

مری صراحی سے قطرہ قطرہ مئے حوادث ٹپک رہی ہے
میں اپنی تسبیح روز و شب کا شمار کرتا ہوں دانہ دانہ

جیسا ڈائری کا نام تھا، فی الواقعہ اپنی زندگی کے ماہ وسال اور روز وشب کو دانہ دانہ شمار کیا۔ ؎

لمحہ لمحہ گزاریئے حامد
زندگی خود بسر نہیں ہوتی

اور ؎

ہر غزل سلک تصور ہے کہ حامدؔ جس میں
لفظ پر لفظ پروتے ہیں گہر کی مانند

اور بڑے حساب سے زندگی یوں گزاری کہ ؎

منزل رہی ہمیشہ ہی منزل کے سامنے
جادہ ہو اپنا جیسے نگر سے نگر تلک
حامدؔ بس اس قدر ہی مسافت تھی زیست کی
چلتے رہے ہوں جیسے سحر سے سحر تلک

ہر وقت یہ احساس تھا کہ ؎

کونسی منزل پہ جا کر جادۂ ہستی رکے
کونسے لمحے پہ رک جائے یہ لمحوں کا سفر

عاقبت ہمیشہ سامنے تھی ؎

فکر امروز و دوش کیا حامدؔ
فکر یوم حساب میں گم ہیں

اردو کی اصناف سخن میں غزل کے ہر شعر کا مضمون الگ ہوتا ہے۔ بایں ہمہ پوری غزل کا بھی ایک مزاج ہوتا ہے اور عموماً سمجھا یہ جاتا ہے کہ غزل کا مقطع شاعر کے اپنے جذبات واحساسات اور شخصیت کا آئینہ ہوتا ہے۔ مرحوم نے بطور انشائیہ نگار شہرت پائی مگر غزل گوئی میں بھی اچھے اچھے شعر مرحوم کے قلم سے نکلے۔ ان کے شعری مجموعہ ''دشت طلب'' کو اٹھا کر جو دیکھا تو اکثر غزلوں کے مقطع میں ان کی شخصیت کی جھلک نظر آئی۔ پوری زندگی میں حزن اور اداسی کی ایک چھاپ تھی جو گاہے گاہے نمایاں ہو جاتی تھی اور شعروں میں بھی اظہار ہوجاتا تھا۔ ؎

حامدؔ دکھ کے لاکھ سمندر ہیں
سکھ کے ایک سفینے میں

....

اشک حامدؔ ہیں لفظ سے موتی
جن کو پلکوں میں روکے بیٹھا ہوں

صلح کل طبیعت رکھتے تھے اور جماعت کے اس مزاج کو خوب پہچانتے تھے۔ چنانچہ لکھتے ہیں: ؎

نفرتیں کچھ خمیر ہی میں نہ تھیں
ہم نہ کرتے جو پیار ، کیا کرتے

احمدیت کے لئے غیرت رکھتے تھے اور جب کبھی کسی اخبار میں جماعت کے خلاف غلط قسم کا کوئی مضمون شائع ہوتا تو بہت تکلیف محسوس کرتے تھے اور فوراً مذکورہ اخبار کو مراسلہ لکھنے بیٹھ جاتے تھے۔ ان کے ایسے کئی مراسلے، راولپنڈی اسلام آباد کے روزناموں میں شائع بھی ہوئے۔ ملازمت کے دوران نیوی کے ایک سینئر افسر جو اپنے فرض منصبی کی وجہ سے مذہبی مطالعہ کرتے رہتے تھے ان کو حضرت مسیح موعود اور خلفائے سلسلہ کی کتب اور تفسیر کبیر دیا کرتے تھے۔ وہ بعض اوقات اپنے تاثرات پنسل سے حاشیہ پر تحریر کر دیتے تھے۔ ایسے تاثرات مرحوم مجھے بھی دکھاتے رہتے تھے۔ ایک مرتبہ کلمہ کا بیج لگایا ہوا تھا کہ کسی افسر نے بیہودہ انداز میں اعتراض کیا تو مرحوم نے بڑی غیرت مندی کے ساتھ جواب دیا اور بعد میں جب کسی سینئر افسر نے اس واقعہ کا ذکر کیا تو انہیں ایسے احسن طریقہ سے بات سمجھا دی کہ وہ محظوظ ہوئے اور مسکرا دئے۔ ایسے واقعات ان کی زندگی میں بے شمار تھے۔

ربوہ سے محبت تھی اور بہشتی مقبرہ میں جگہ پانے کی تڑپ دل میں رکھتے تھے۔ جب بھی ربوہ جانا ہوتا، بہشتی مقبرہ میں اپنے والد مرحوم اور دیگر خاندانی بزرگوں اور اعزہ کی قبروں پر باقاعدگی سے دعا کے لئے جاتے۔ ایک جلسہ سالانہ کے موقع پر ربوہ کے ماحول سے متاثر ہوکر ''دیار دل'' کے عنوان سے ایک نظم لکھی جس کا پہلا بند یوں تھا۔ ؎

چاند حیرت سے تک رہا تھا بلند پتھر فصیل شب سے
یہ صدیوں ویران وسعتوں کو بسا دیا ہے کسی نے کب سے
یہ شور کیسا ہے گونج کیسی ہے نعرۂ حق و ہو ہے کیسا
یہ کون مخلوق آ بسی ہے یہاں کہ ہے اژدہام جیسا
یہ دشت وصحرا کی چلچلاتی فضا میں باد بہار کیسی
یہ پھول گلشن مہک اٹھے، ہو گئی ہوا مشکبار کیسی

ایک نظم میں لکھتے ہیں: ؎

یہ کن دیاروں کے رہنے والے، کہاں سے چل کر کہاں پہ آئے
یہ خاک کیا ہے کہ جس کے ذرے فلک سے تاروں کو کھینچ لائے
یہ کیسے ساحل ہیں جن سے طوفان سر پٹک کر پلٹ گئے ہیں
کہ جن کی آغوش میں حوادث بھی موج بن کر سمٹ گئے ہیں

اور پھر آخر میں بہشتی مقبرہ کے ذکر میں دلی کیفیات کو کچھ یوں بیان کیا۔ ؎

یہ کیسی وادی ہے جس جگہ پر ہے موت پر رشک زندگی کو
یہیں کہیں عافیت کا گوشہ ملے ہے حسرت یہاں سبھی کو
فنا کی گودی میں بسنے والوں سے رابطہ انکو کس قدر ہے
کہ وقت گلگشت کتنی مشتاق ہر قدم پر ہر اک نظر ہے
یہ کیسی یادوں کی انجمن ہے یہ کیسی سوچوں کے سلسلے ہیں
یہ شمعیں گل ہو کے بھی فروزاں، یہ پھول کملا کے بھی کھلے ہیں

اور یوں زندگی بھر جس خواہش اور حسرت کو سینے سے لگائے قدم بہ قدم فنا کی طرف بڑھتے رہے اسی وادی میں آسودہ ہوگئے جس میں۔ ؎

یہ شمعیں گل ہو کے بھی فروزاں، یہ پھول کملا کے بھی کھلے ہیں

مرزا خلیل احمد قمر صاحب

کامیاب داعی اللہ

مکرم اللہ دتہ مبشر صاحب سابق معلم وقف جدید

مکرم اللہ دتہ مبشر صاحب سابق معلم وقف جدید بھڑتھانوالہ ضلع سیالکوٹ کو خود احمدیت قبول کرنے کی سعادت حاصل ہوئی تھی۔ آپ پہلے اہل تشیع تھے اور ان کے ذاکر بھی تھے نوجوانی میں احمدی ہوگئے تھے۔

آپ کے دل میں دعوت الی اللہ کا شوق موجزن تھا کہ جو نعمت مجھے نصیب ہوئی دوسرے لوگ بھی اس سے حصہ پائیں اس تعلیم و تربیت کے سلسلہ میں جب حضرت مصلح موعود نے 27 دسمبر 1957ء کو جلسہ سالانہ کے دوسرے روز تحریک وقف جدید کا اعلان فرمایا کہ احمدی نوجوان اپنی زندگیاں میرے سامنے وقف کریں اور میری ہدایات پر عمل کرتے ہوئے دعوت الی اللہ کا کام کریں تو مکرم اللہ دتہ مبشر صاحب کی خوشی کی کوئی انتہا نہیں تھی۔ آپ نے بھی اپنا آپ حضرت مصلح موعود کی خدمت میں پیش کر دیا۔ گو آپ کی تعلیم نہ ہونے کے برابر تھی۔ معمولی لکھنا پڑھنا جانتے تھے مگر بنیادی دینی مسائل اور ان کے حل سے خوب واقف تھے اور خدمت دین کے جذبے سے بھرپور تھے اس لئے ان کی تعلیمی کمی کو نظر انداز کرتے ہوئے ان کو وقف میں لے لیا گیا۔ آپ کو 1958ء سے 1978ء تک خدمت دین کی توفیق ملی۔ 1985ء میں آپ نے وفات پائی۔ آپ جب وقف جدید میں آئے تو آپ کی عمر 40 سال سے زائد تھی آپ کی سادگی اور جذبہ نے بہت سی روحوں کو متاثر کیا اور ان کو قبول احمدیت کی سعادت حاصل ہوئی۔ آخری عمر میں ان کی بینائی اور شنوائی کم ہو گئی تھی۔ مگر ان میں خدمت دین کا جذبہ اور فدائیت بجائے کم ہونے کے بڑھتا چلا گیا۔ حضرت مرزا طاہر احمد صاحب (خلیفۃ المسیح الرابع) اس وقت ناظم ارشاد وقف جدید، مکرم اللہ دتہ مبشر صاحب کی بہت عزت اور احترام کیا کرتے تھے اور محبت سے پیش آتے تھے۔ موصوف اپنی سادگی میں اپنے کاموں کی تفصیل سناتے چلے جاتے ناظم صاحب بڑی توجہ سے ان کی باتیں سنتے رہتے اور ان کی حوصلہ افزائی بھی کیا کرتے تھے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اپنے ایک خطبہ جمعہ میں دعوت الی اللہ کے طریق بتاتے ہوئے مکرم اللہ دتہ مبشر صاحب کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:۔

''بعض دفعہ نفسیاتی لحاظ سے ایسے مواقع پیدا ہو جاتے ہیں جن میں ہدایت کو قبول کرنے کا ایک خاص وقت ہوتا ہے۔ حکمت کا یہ تقاضا ہے کہ ان اوقات سے بھی استفادہ کیا جائے اس لئے مختلف وقتوں میں مختلف قسم کی باتیں زیب دیتی ہیں اور اثر کرتی ہیں۔ مثلاً جب غم کی کیفیت ہو تو اس وقت اور قسم کی باتیں کی جاتی ہے اور جب خوشی کی کیفیت ہو تو اور طرح کی بات کی جاتی ہے اسی طرح جب خوف وہراس کا زمانہ ہو تو اور طریقے سے بات کرنا پڑے گی۔

اس سلسلہ میں مجھے بہت سے دوست واقعات بتاتے رہتے ہیں۔ خود میرے علم میں ایسے بیسیوں واقعات ہیں ایک احمدی نے جب حکمت سے کام لیا اور موقع محل کے مطابق بات کی تو بہت جلدی اس کا پھل لگا۔ چنانچہ میں نے پہلے بھی بیان کیا تھا ہمارے ایک معلم وقف جدید تھے جو ان پڑھ تھے۔ سو فیصدی تو نہیں لیکن ان پڑھ کے قریب ترین جو آدمی ہوتا ہے وہ ان کی کیفیت تھی لیکن خدا تعالیٰ کے فضل سے ان کی (دعوت الی اللہ) کو سب سے زیادہ پھل لگتا تھا کیونکہ جو علم کی کمی تھی وہ اس کو دعا اور حکمت سے پوری کرتے تھے۔ چنانچہ موقع اور محل کی تلاش میں رہنا اور حسب حالات گفتگو کرنا ان کا شیوہ تھا۔ کہیں شادی کی مجلس ہے تو شادی کی باتیں اور پھر حضرت مسیح موعود کا وہ کلام شروع کر دیا جو خوشی کے موقع کا کلام ہے۔ اگر غم کی کیفیت ہے تو اس میں صبر کی تلقین کرتے حضرت مسیح موعود کا کوئی واقعہ سنا دیتے کہ آپ کو جب دکھ پہنچتے تھے تو آپ یوں کیا کرتے تھے۔ غرض اللہ تعالیٰ نے ان کو بہت ہی حکمت عطا کر رکھی تھی۔ ایک مولوی صاحب تھے جو ان کے بہت شدید مخالف تھے ایسے مخالف

باقی صفحہ 6 پر

امرود کی کاشت اور منافع بخش پیداوار

امرود پاکستان میں تر شاوہ پھل، آم اور کھجور کے بعد رقبہ اور پیداوار کے لحاظ سے چوتھا بڑا پھل ہے۔ یہ پاکستان کے چاروں صوبوں میں اگایا جاتا ہے۔ تاہم زیادہ تر یہ پھل حیدر آباد، لاڑکانہ، خیر پور، ملتان، سرگودھا، گوجرانوالہ، لاہور، شیخوپورہ، فیصل آباد، کوہاٹ، ہزارہ، ڈیرہ اسماعیل خان، بنوں اور دیگر کئی علاقوں میں کاشت کیا جا رہا ہے۔ غذائی اعتبار سے امرود کو وٹامن سی کا بادشاہ کہا جاتا ہے کیونکہ اس کے 100 گرام پھل میں 280 ملی گرام وٹامن سی کے علاوہ وٹامن اے، فاسفورس، چونا اور لوہا بھی پایا جاتا ہے۔

ہمارے ہاں امرود زیادہ تر تازہ پھل کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کی برآمد پر اتنی زیادہ توجہ نہیں دی گئی حالانکہ اس کے پھل سے بہترین کوالٹی کا جوس، جام جیلی، اور گودے کا پیسٹ تیار کر کے کوالٹی پیکنگ میں بیرون ممالک فروخت کر کے زرمبادلہ بھی کمایا جا سکتا ہے۔ تاہم تازہ پھل کو بھی قریبی ممالک میں برآمد کیا جا سکتا ہے۔ اگر امرود کی کاشت میں درج ذیل زرعی عوامل پر عمل کیا جائے تو ہمارے کاشتکار ایک منافع بخش فصل کاشت کر سکتے ہیں۔

آب و ہوا اور زمین، صحیح افزائش نسل، ترقی دادہ اقسام کی کاشت، باغات میں پودوں کی منتقلی، آبپاشی کی صحیح منصوبہ بندی، شاخ تراشی و گوڈی، کھادوں کا متوازن استعمال، کیڑوں اور بیماریوں کا تدارک، بروقت برداشت۔

آب و ہوا اور زمین

امرود کی منافع بخش پیداوار کے لئے گرم مرطوب و نیم گرم مرطوب معتدل آب و ہوا جہاں درجہ حرارت 23 سے 28 درجہ سینٹی گریڈ ہے موزوں تصور کی جاتی ہے تاہم اس کا درخت بہت سخت جان ہوتا ہے اور یہ ٹھنڈے علاقوں میں بھی اگایا جا سکتا ہے۔ مگر نیم گرم مرطوب آب و ہوا میں یہ خوب پرورش پاتا ہے۔ تاہم سخت کورا اور سخت سردی پودے کے لئے انتہائی مہلک ثابت ہوتے ہیں۔ پھل پکنے کے دوران بارش یا زائد نمی فصل کے لئے نقصان دہ ہوتی ہے۔ ہوا روکنے والی باڑیں پودوں کو تیز ہوا، شدید گرمی کی لو اور طوفان و بادوباراں سے محفوظ رکھنے میں معاونت کرتی ہیں۔

امرود واحد نوعیت کا پھل ہے جو ہر قسم کی زمین بھاری میرا سے ریتلی میرا زمینوں میں جن کا کیمیائی تعامل 4.5 سے 8.5 کے درمیان ہو، کامیابی سے اگایا جا سکتا ہے تاہم اس کی اعلیٰ درجہ کی زیادہ پیداوار کے لئے بہتر نکاس والی میرا زمین موزوں تصور کی جاتی ہے۔ یہ سیم و تھور زدہ زمینوں میں بھی اگایا جا سکتا ہے۔ یعنی دیگر پھلوں کی نسبت یہ قدرے کلراٹھی زمینوں میں بھی نشوونما پانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

افزائش نسل

امرود کی کاشت بذریعہ بیج، بذریعہ قلم، بذریعہ داب اور بذریعہ چشمہ کی جا سکتی ہے۔ تاہم بافتہ کاری (ٹشو کلچر) کے ذریعے بھی اعلیٰ قسم کے پودے تیار ہو سکتے ہیں۔ ان طریقہ کاشت کی تفصیل درج ذیل ہے۔

(i) بیج کے ذریعے کاشت

ہمارے ہاں زیادہ تر امرود بذریعہ بیج کاشت ہوتا ہے۔ ماہرین کی رائے یہ ہے کہ اس طریقہ سے تیار شدہ امرود کوالٹی اور پھل کی خصوصیات کے لحاظ سے یکساں نہیں ہوتے۔ اس طریقہ میں اچھی کوالٹی کے صحیح پکے ہوئے صحت مند پھلوں کو اچھی طرح دھو کر ان سے بیج بحفاظت نکال کر ریت سے مل کر گودا صاف کر لیں اور پھر انہیں راکھ میں رکھ لیں۔ یاد رہے تازہ بیجوں کا اگاؤ بہتر ہوتا ہے تاہم ان کا چھلکا کافی سخت ہوتا ہے جس کے باعث اگنے میں دقت پیش آتی ہے۔ لہٰذا زیادہ اگاؤ حاصل کرنے کے لئے امرود کے بیج کو 10 سے 15 روز کے لئے پانی میں رکھا جائے اور ہر روز پانی بدلتے رہیں۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ امرود کے صاف بیج کو 50 فیصد ایسیٹک ایسڈ (سرکہ) کے محلول میں ایک منٹ کے لئے رکھ کر صاف پانی سے دھو کر کاشت کریں۔ ان بیجوں کو کاشت کرنے کے لئے ڈیڑھ میٹر چوڑی اور 20 سے 25 سینٹی میٹر اونچی پٹریاں بنائیں ان پٹریوں پر 10 سے 15 سینٹی میٹر کے فاصلے پر لائنیں لگا کر 1/2 سینٹی میٹر کی گہرائی پر کاشت کر کے بھل سے ڈھانپ دیں اور مناسب نمی برقرار رکھیں۔ بیج 4 سے 5 ہفتوں میں اگ آئیں گے۔ پھر جب پودے 8 سے 10 سینٹی میٹر کے ہو جائیں تو انہیں کیاریوں میں منتقل کر دیں اور جب پودوں کی عمر تقریباً ایک سال ہو جائے تو انہیں باغ میں منتقل کر دیں۔

(ii) بذریعہ قلم

بذریعہ قلم امرود کی افزائش نسل اگرچہ مشکل ہے تاہم تحقیق کے مطابق 80 فیصد نمی کے اندر گرین ہاؤس میں اگر درجہ حرارت 25 ڈگری سینٹی گریڈ رکھا جائے تو یہ قلمیں اگ آتی ہیں۔ اس کے لئے 10 سے 12 سینٹی میٹر لمبی شاخ لیں اور اس کا نچلا سرا انڈول بیوٹیرک ایسڈ (Indole butric acid) کے محلول میں ڈبو کر نم دار ریت میں لگائیں تو 90 فیصد قلموں میں جڑیں نکل آئیں گی۔

تحقیق نے ثابت کیا ہے کہ یہ قلمیں اگر موسم برسات میں لگائیں تو زیادہ جڑیں نکلتی ہیں۔ آٹھ ہفتوں کے بعد ان قلموں کو پلاسٹک کے تھیلوں جن میں بھل گوبر اور مٹی اچھی طرح ملی ہوئی ہو میں لگا دیں اور تین ہفتے بعد انہیں شیڈ ہاؤس میں منتقل کر کے تیار ہونے پر باغ میں منتقل کر دیں۔

مندرجہ بالا طریقوں کے علاوہ امرود کی جڑوں کی قلمیں فروری میں زمین کے متوازی دبا کر آبپاشی کی جاتی ہے اور یہ قلمیں پھوٹ کر جڑیں پیدا کر لیتی ہیں۔ یہ طریقہ عام طور پر رائج نہیں ہے۔

(iv) بذریعہ داب

بذریعہ داب افزائش کے لئے زمین کے نزدیک مناسب شاخ منتخب کریں اور اسے مٹی میں دبا دیں شاخ کا وہ حصہ جو مٹی میں رہتا ہے اس میں چھلا نما چھلکا اتار دیں تا کہ جڑیں آسانی سے نکل سکیں نیز زمین کے اندر والے حصہ کو نمدار رکھیں جڑیں مکمل ہونے پر اسے درخت سے کاٹ کر کھیت میں منتقل کر دیں۔ یہ طریقہ زیادہ استعمال میں نہیں ہے کیونکہ اس میں کامیابی کم ہوتی ہے۔

(v) بذریعہ چشمہ

اس طریقہ میں بیج سے تیار کردہ ایک سالہ پودے پر مارچ اپریل یا اگست ستمبر میں بہترین اقسام کا پیوند لگایا جاتا ہے۔ یہ طریقہ کافی کامیاب ہے۔ اس طریقہ کاشت میں زیادہ مقبولیت بغل گیر پیوند کو حاصل ہے۔ اس طریقہ میں روٹ سٹاک اور سائن ٹہنیوں کے 2 یا 3 انچ لمبے اور 1/2 انچ چوڑے چھلکے اتار کر ان شاخوں کو آپس میں ملا کر اچھی طرح کس کر باندھ دیں اور اس حصہ پر گوبر یا مٹی لگا دیں تا کہ پودا خراب موسم اور بیماریوں سے محفوظ رہے۔ یہ طریقہ بہار کی بجائے برسات میں زیادہ کامیاب ہے۔

(vi) بذریعہ بافتہ کاری (ٹشو کلچر)

پودوں کی افزائش کا یہ طریقہ کافی بہتر ہے کیونکہ اس طریقہ سے تیار ہونے والے پودے صحیح النسل اور تمام بیماریوں سے پاک ہوتے ہیں۔ اس طریقہ سے پودے کے چند خلیوں سے کم وقت میں زیادہ پودے تیار کئے جا سکتے ہیں۔ ماہرین کو اس طریقہ کے ذریعے پودے تیار کرنے میں کافی کامیابیاں حاصل ہوئی ہیں۔ امید ہے مستقبل قریب میں امرود اور چند دوسرے پودوں کے صحیح النسل پودوں کی افزائش آسان ہو جائے گی۔

ترقی دادہ اقسام

امرود کی جتنی بھی اقسام ہیں ان کا نام گودے کو یا پھل کو مدنظر رکھ کر رکھا گیا ہے ان اقسام کے نام اور خصوصیات حسب ذیل ہیں۔

سفیدہ: اس کا پھل گول چھلکا صاف اور ذائقہ بھی کافی لذیذ ہوتا ہے۔

چتی دار: ان کے پھلوں پر چھوٹے چھوٹے سرخ نشان ہوتے ہیں۔ ان کا ذائقہ بھی لذیذ ہوتا ہے۔

حفصی: اس کا پھل گول اور گودا سرخ ہوتا ہے۔ یہ قسم زیادہ میٹھی نہیں ہوتی۔

کریلا: یہ ناشپاتی کی شکل کا ہوتا ہے۔ اس کا چھلکا کھردرا اور گودے کا رنگ سرخ یا سفید ہوتا ہے۔

سیڈلیس: اس قسم کے امرود میں بیج نہیں ہوتے ان کی پیداوار کم اور پھل کی شکل بے قاعدہ ہوتی ہے اسے تجارتی پیمانے پر کاشت نہیں کیا جاتا۔

باغات میں پودوں کی منتقلی

امرود کے تیار کردہ پودوں کو فروری، مارچ یا ستمبر اکتوبر میں کھیت میں منتقل کر دیں۔ اس کے لئے کھیت میں پودے لگانے سے قبل 8 میٹر کے فاصلے پر 1x1x1 میٹر کے گہرے گڑھے کھودے جائیں ان گڑھوں کو کچھ عرصہ کے لئے دھوپ میں کھلا رکھیں۔ پھر ان گڑھوں میں ایک حصہ بھل ایک حصہ گوبر کی گلی سڑی کھاد اور ایک حصہ اوپر والی گڑھے کی مٹی کو اچھی طرح ملائیں اور ان میں ایک ایک مٹھی سونا ڈی اے پی سونا یوریا اور ایف ایف سی ایس او پی ملا کر پانی لگائیں۔ وتر آنے پر گوڈی کر کے پودے کو گڑھے کے درمیان میں اچھی طرح لگائیں اور ہاتھ سے جڑوں کے اوپر مٹی ڈال دیں۔ تنے کے ساتھ چاروں طرف تھوڑی سی مٹی چڑھا کر پانی لگا دیں۔ اگر پودوں کا قد زیادہ ہو تو جڑوں اور شاخوں میں توازن برقرار رکھنے کے لئے اوپر کا کچھ حصہ کاٹ دیں۔

آبپاشی

امرود کی ضرورت کے مطابق اور مناسب وقفوں سے آبپاشی کریں۔ چھوٹے پودوں کو سارا سال کم وقفوں سے زمین کی خاصیت اور آب و ہوا کے مطابق پانی دیں۔ پودوں کو اس وقت پانی کی زائد ضرورت ہوتی ہے جب ان پر پھل لگا ہو۔ تاہم پھولوں کے وقت پانی کی مقدار کم کر دیں تا کہ بارآوری اچھی طرح ہو سکے بڑے پودوں کو گرمی کے موسم میں 10 دن کے وقفہ سے جبکہ سردیوں میں 25 دنوں کے وقفوں سے آبپاشی موسم، زمین اور آب و ہوا کو مدنظر رکھتے ہوئے کریں۔ سخت سردی اور کورے میں پودوں کو پانی لگانے سے فصل کورے کے مضر اثرات سے کافی حد تک محفوظ رہتی ہے۔

شاخ تراشی و گوڈی

امرود کے پودوں کی عموماً کم شاخ تراشی ہوتی ہے لیکن پودوں کے ڈھانچے کو سنوارنے اور انہیں مضبوط بنانے کے لئے چھوٹی عمر میں عموماً کانٹ چھانٹ کریں۔ تاہم پھل توڑنے کے بعد اکثر پودوں کی کچھ شاخیں الجھ جاتی ہیں یا بہت جھک جاتی ہیں انہیں ہلکا سا کاٹ دیں۔ تنے پر نچلے حصہ میں نکلنے والی چھوٹی چھوٹی شاخوں کو بھی کاٹ دیں۔ چونکہ گرمیوں کی فصل پر پھل کی مکھی کا حملہ زیادہ ہوتا ہے جس سے پھل جلدی خراب ہو جاتے ہیں اس لئے بعض اوقات

پھولوں کی چھدرائی یا جھاڑنے کی سفارش کی جاتی ہے۔

عام طور پر باغات کے کاشتکاروں میں یہ غلط تصور پایا جاتا ہے کہ جڑی بوٹیوں سے باغات کو نقصان نہیں پہنچتا لہٰذا وہ جڑی بوٹیوں پر توجہ نہیں دیتے۔ یہ ایک غلط فہمی ہے دراصل باغات کی خوراک جذب کرنے والی جڑیں زمین کی سطح کے قریب ہوتی ہیں جو جڑی بوٹیوں کی وجہ سے صحیح خوراک جذب نہیں کرسکتیں اسی طرح ان جڑی بوٹیوں کے ذریعے نقصان رساں کیڑے اور بیماریاں بھی پودوں پر حملہ آور ہوتی ہیں۔ لہٰذا امرود کے باغات کو صاف رکھنا ضروری ہے خاص کر پودوں کے نیچے چھتری والے حصہ کو تاکہ جو کھادیں ڈالی جائیں جڑیں انہیں آسانی سے استعمال کرسکیں۔

کھادوں کا متوازن استعمال

امرود کے باغ سے اچھی کوالٹی کی بھرپور پیداوار لینے کے لئے ضروری ہے کہ زمین کا تجزیہ کروا کر کھادوں کے متوازن استعمال کو پودے کی عمر کے مطابق یقینی بنایا جائے۔ اس لئے کاشتکار بھائیوں کو چاہئے کہ وہ اپنی زمینوں کا مفت تجزیہ کروانے کے لئے فوجی فرٹیلائزر کی کمپنی کی جدید کمپیوٹرائزڈ لیبارٹریوں سے ضرور استفادہ کریں۔ اس ضمن میں آپ اپنے قریبی سونا ڈیلر زرعی ماہر یا فارم ایڈوائزری سنٹرز کے ماہرین سے رابطہ قائم کریں۔

طریقہ استعمال

گوبر والی تمام کھاد دسمبر میں پودے کے نیچے سایہ والی جگہ پر ڈال کر گوڈی کریں اور پانی لگا دیں جبکہ دیگر کیمیائی کھادیں دو اقساط میں پھل توڑنے کے بعد اور سردیوں کے پھل آنے سے قبل (اگست / اکتوبر) میں ڈالیں۔ تمام گوبر والی اور کیمیائی کھادیں تنے سے ایک فٹ دور شاخوں کی چھتری کے نیچے ڈالیں۔

اجزائے صغیرہ: 50 گرام زنک سلفیٹ فی پودا گوبر کی کھاد کے ساتھ ملا کر دیں۔

کیڑوں اور بیماریوں کا تدارک

امرود کے پھل کو سب سے زیادہ نقصان پھل کی مکھی سے ہوتا ہے اس کے علاوہ چھوٹے چھوٹے اور بھی کئی کیڑے اس پر حملہ آور ہو کر نقصان پہنچاتے ہیں۔ لیکن زیادہ نقصان پھل کی مکھی سے ہوتا ہے۔ ان کے تدارک کے لئے درج ذیل حکمت عملی اپنائیں۔

نام کیڑا : پھل کی مکھی

حملہ کی نوعیت

اس کا زیادہ تر حملہ گرمیوں میں ہوتا ہے۔ یہ مکھی پھل کے اندر اپنا ڈنگ داخل کر کے انڈے دیتی ہے جس سے چھوٹی چھوٹی سنڈیاں پیدا ہوتی ہیں۔ جو گودے کو کھانا شروع کر دیتی ہیں جس سے پھل گل سڑ جاتا ہے۔

طریقہ انسداد احتیاطی تدابیر

ڈپٹریکس 100 سے 150 گرام یا میلاتھیان 250 ملی لٹر فی 100 لٹر پانی میں ملا کر سپرے کریں نیز گرے ہوئے پھل کو اکٹھا کر کے ضائع کر دیں اور پودوں کے نیچے گوڈی کریں۔

نام کیڑا : گدھیڑی

حملہ کی نوعیت

یہ آم کے علاوہ امرود پر بھی حملہ آور ہوسکتی ہے اس کے بالغ اور بچے دونوں امرود سے رس چوستے ہیں خاص کر ان کا حملہ درختوں کی شاخوں اور کونپلوں پر ہوتا ہے۔ اس سے پودے کمزور ہو جاتے ہیں اور پھل گرنا شروع ہو جاتا ہے مادہ مئی جون میں زمین میں انڈے دیتی ہے جس سے دسمبر یا جنوری میں بچے نکلتے ہیں۔

طریقہ انسداد احتیاطی تدابیر

حملہ شدہ پودوں کے نیچے جون سے دسمبر تک ہل چلائیں تاکہ زمین دوز انڈے باہر آ کر سورج کی گرمی سے تلف ہو جائیں۔ حملہ شدہ پودوں کے نیچے زمین میں گوڈی کر کے سیون ڈسٹ 100 سے 125 گرام فی پودا ڈالیں۔

دسمبر میں درخت کے تنوں پر پولی تھین کا ڈیڑھ فٹ چوڑا ٹکڑا لپیٹ دیں اور اس سے نیچے 9 سے 11 انچ چوڑی آئل کی پٹی کی تہہ کا پلستر کر دیں۔

مئی کے مہینے میں درخت سے اترنے والے کیڑے تلف کر دیں۔

نام کیڑا: تنے کے گڑوئیں

حملہ کی نوعیت

یہ شاخوں میں سوراخ کر کے ٹہنیوں کے اندر چلے جاتے ہیں اور ٹہنیاں سوکھ جاتی ہیں۔

طریقہ انسداد احتیاطی تدابیر

سوکھی ہوئی ٹہنیاں کاٹ دیں اور میٹاسسٹاکس 2.5 ملی لٹر فی لٹر پانی کے حساب سے محلول بنا کر تین دفعہ سپرے کریں۔

نوٹ: آجکل بعض مقامات پر دیمک کا حملہ کافی شدت سے دیکھا جا رہا ہے کاشتکار بھائی اس کے تدارک کے لئے کلوروپائیریفاس گروپ کا کوئی ایک زہر استعمال کریں۔

امرود کا سوکا

یہ بیماری باغات میں کاشتی امور کو بے احتیاطی سے سرانجام دینے نیز گرمی کے پھل کو غیر مناسب طریقے سے برداشت کرنے سے وقوع پذیر ہوتی ہے جس سے پودا آہستہ آہستہ سوکھنا شروع ہو جاتا ہے۔ اس کے لئے درج ذیل حکمت عملی ضروری ہے۔

☆ کاشتی امور کو بروقت سرانجام دیں نیز پودے اگر جڑوں کے گلنے سڑنے سے سوکھ رہے ہوں تو تنے کے گرد دور بنا کر پانی دیں اور ان میں 100 سے 200 گرام ایڈومل گولڈ پودے کی عمر کے مطابق ڈالیں۔

☆ اگر پودے کی جڑیں ٹھیک ہیں اور تنے پر کوئی سوراخ نہیں ہے تو پھر یہ سوکا تنزلی کی وجہ سے ہے اس کے لئے ٹاپسن ایم یا ریڈومل گولڈ 1 گرام فی لٹر پانی میں ملا کر وقفہ وقفہ سے سپرے کریں نیز کھادوں کے متناسب استعمال کو یقینی بنائیں اور آبپاشی کریں۔

برداشت

امرود سال میں دو دفعہ بار آور ہوتا ہے ایک دفعہ موسم گرما (جولائی ،اگست) اور دوسری دفعہ پھل موسم سرما (جنوری ،فروری) میں بار آور ہوتا ہے۔ موسم گرما کی فصل کوالٹی میں کمزور ہوتی ہے۔ لہٰذا پھل توڑنے کے فوراً بعد ٹوکریوں میں ڈال کر منڈیوں میں لے جائیں پکا ہوا پھل ہفتہ میں دو سے تین بار توڑیں اور جلدی منڈی لے جائیں۔

عزت خاکساری میں ہے

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں۔

☆ ''ایک مجلس میں بایزیدؒ وعظ فرما رہے تھے۔ وہاں ایک مشائخ زادہ بھی تھا جو ایک لمبا سلسلہ رکھتا تھا اس کو آپؒ سے اندرونی بغض تھا۔ اللہ تعالیٰ کا یہ خاصہ ہے کہ پرانے خاندانوں کو چھوڑ کر کسی اور کو لے لیتا ہے۔ جیسے بنی اسرائیل کو چھوڑ کر بنی اسماعیل کو لے لیا کیونکہ وہ لوگ عیش وعشرت میں پڑ کر خدا کو بھول گئے ہوتے ہیں۔..........

